۲۔ مسجد ایمان اہلحدیث ۔ جادہ (جہلم)

اس مسجد کے نگران ایم اے جمیل صاحب ہیں اس مسجد کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا ہے اور تعمیر کا کام شروع کردیا گیا انشاء اللہ آیندہ چند مہینوں تک یہ مسجد بھی مکمل ہوجائے گی

۳۔ مسجد اہلحدیث رانیوال سیداں ضلع گجرات

اس مسجد کے نگران سید ثناء اللہ شاہ صاحب ہیں یہ مسجد آیندہ چند ہفتوں تک مکمل ہوجانے کے بعد جلد اسکا افتتاح ہوگا۔

۴۔ مسجد اہلحدیث کوٹ خیردین ضلع گجرات

اس مسجد کا سنگ بنیاد رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے رکھ دیا ہے اور تعمیر کا کام بڑے زور وشور سے شروع کردیا گیا ہے

واقعہ حضرت یوسف علیہ السلام

بقیہ صفحہ

حضرت یوسف علیہ السلام کو حسن نے تو قید کرایا لیکن علم نے انکو تخت پر بٹھایا ۔ بادشاہ کو خواب آیا کہ جس کی تعبیر سے سب عاجز رہے ، لیکن حضرت یوسف علم تعبیر کے عالم تھے ۔ انھیں صحیح تعبیر دی تو قید سے نکال کر ان کو وزارت اور پھر مستقل حکومت سپرد کر دی گئی ۔

(رب قد آتیتنی من الملک و علمتنی من تاویل الاحادیث) (یوسف : ۱۰۱)

اے میرے پروردگار ! تو نے مجھے ملک عطا فرمایا اور تو نے مجھے خواب کی تعبیر سکھائی ۔

حضرت آدم علیہ السلام کا مقابلہ ملائکہ سے

حضرت آدم علیہ السلام کا علمی مقابلہ اللہ تعالی نے خود ملائکہ سے کرایا تو ملائکہ فیل ہو گئے ۔ انہوں نے خود اعتراف کیا اور کہا : (لا علم لنا الا ما علمتنا) (البقرہ : ۳۲) ہمیں کوئی علم نہیں مگر جو تو نے ہمیں سکھا دیا ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنھما کا فرمان ہے ۔ " لما اراداللہ ان یظھر فضل آدم علی الملائکۃ علمہ مالا یعلمون " ۔ جب اللہ تعالی نے آدم علیہ السلام کی فضیلت فرشتوں پہ ظاہر کرنے کا ارادہ کیا تو اس کو وہ علم دیا جو وہ (فرشتے) نہیں جانتے تھے ۔

حضرت آدم علیہ السلام عالم تھے وہ پاس ہو کر مکرم ہوئے کہ ملائکہ نے سجدہ کیا ، سچ فرمایا اللہ تعالی نے (قل ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون ہ انما یتذکر اولوا الالباب)

کہہ دیجئے ۔ کیا عالم اور جاہل برابر ہو سکتے ہیں ۔ اس سے عقلمند ہی نصیحت پکڑتے ہیں ۔

جاری ہے